# ایکزونوبل پاکستان لمیٹڈ

## نوٹس برائے ساتویں سالانہ جنرل میٹنگ

ایکزونوبل پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے ساتویں سالانہ جنرل میٹنگ کا نوٹس پیش کیا جا رہا ہے، جو کہ مورخہ 25 اپریل 2018 بروز بدھ، ساڑھے دس بجے، بمقام پرل کانٹینینٹل ہوٹل، شاہراہ قائداعظم، لاہور میں منعقد ہوگا۔ جس میں درج ذیل نکات کی منظوری دی جائے گی ۔

عمومی کاروائی:

۱۔ 25 اپریل 2017، کو منعقدہ چھٹے سالانہ عمومی اجلاس کے منٹس کی توثیق۔

۲۔ ایکزونوبل پاکستان لمیٹڈ کے 31 دسمبر 2017 کو مکمل ہونے والے سال کے موصول شدہ حسابات (اکاؤنٹس)، بشمول آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز صاحبان کی رپورٹس کی وصولی اور ان پر غوروخوض اور منظوری

۳۔ ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق 31 دسمبر 2017 کو مکمل ہونے والے سال کے فائنل کیش ڈیویڈنڈ کا اعلان اور منظوری دی جائے گی، جو کہ 70 فیصد کے حساب سے یعنی 10 روپے کے ہر عام شیئر پر 7.00 روپے ہوگا۔ جس کی ادائیگی اُن ممبران کو کی جائے گی جن کا نام 18 اپریل، 2018 کو رجسٹر آف ممبرز پر موجود ہوگا۔

۴۔ کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹرز کا تقرر اور اُن کے معاوضے کا تعین۔

۵۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت اور بورڈ کے طے شدہ قوائد کے مطابق، الیکشن کی تاریخ سے تین سال کی مدت کے لیے سات ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جائے گا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام آگے درج ہیں، جناب معین افضل، جناب ضیاء الرحمٰن، جناب جیرمی رو، جناب بارٹ کاسٹر، جناب سعد محمود راشد، جناب سیس ٹیئن ٹین، جناب حارث محمود۔

۶۔ چیئرمین کی اجازت سے کوئی بھی دیگر متعلقہ کاروباری معاملات زیر بحث لائے جائیں گے۔

بحوالہ آرڈر آف بورڈ، 04 اپریل، 2018

لاہور

Sara Shah

سارہ شاہ

کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

**۱۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی تکمیل**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 19 اپریل 2018 سے 25 اپریل 2018 کے دوران بند رہیں گی (بشمول دونوں دِنوں کے) قوائد کے مطابق کاروبار کے اختتام سے قبل 18 اپریل 2018 تک شیئرز رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایف۔8، نزد ہوٹل فاران نرسری، بلاک۔6، پی۔ای۔سی۔ایچ۔ایس، شاہراہ فیصل، کراچی میں موصول ہونے والی ٹرانسفرز کو ٹرانسفریز کے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے لیے شامل کیا جائے گا۔

**شیئر ہولڈنگ کا پیٹرن:**

کمپنی میں شیئر ہولڈنگ کا پیٹرن بمعہ اضافی معلومات برائے تکمیلی سال 31 دسمبر 2017، صفحہ نمبر 54 تا 56 پر درج ہے۔

ICI Omircron B.V. (جو کہ ایکزونوبل گروپ کی ایک کمپنی ہے)، 75.81 فیصد شیئرز کی مالک ہے، جبکہ انسٹی ٹیوشنز کے پاس 7.46 فیصد اور افراد و دیگر کے پاس 16.73 فیصد شیئر بیلنس رہا۔ فی شیئر بلند ترین اور پست ترین مارکیٹ کی قیمت سال 2017 کے دوران بالترتیب 296.64 روپے اور 177.00 روپے رہی۔

ڈائریکٹرز، سی ای او، سی ایف او، کمپنی سیکریٹری اور ان کے شریکِ حیات اور بچوں نے سال کے دوران کمپنی میں موجود اپنے اپنے حصے کے شیئرز کا کوئی لین دین نہیں کیا۔

| | |
|---|---|
| ---------------------------------- | ---------------------------------- |
| معین افضل | سعد محمود راشد |
| (چیئرمین) | (چیف ایگزیکٹو) |

- گزشتہ چھ سال کے اہم عملی و مالیاتی ڈیٹا کی سمری صفحہ نمبر 52 اور 53 پر درج ہے۔
- قابل ادائیگی ٹیکسز اور لیویز، فنانشل سٹیٹمنٹس کے نوٹس میں درج ہیں۔
- کمپنی کی انتظامیہ اچھے کارپوریٹ انتظام کے لیے پُرعزم ہے اور اس ضمن میں مناسب اقدامات کر رہی ہے تاکہ بہترین معیار پر پورا اترا جا سکے۔

## ریٹائرمنٹ بینیفٹس میں سرمایہ کاری:

تکمیلی سال 31 دسمبر 2016 کی آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس کے مطابق سٹاف کے ریٹائرمنٹ فنڈز سے سرمایہ کاری کی رقوم کی تفصیل درج ذیل ہے۔ یہ نظام ٹرسٹیز آف فنڈز کے زیر اہتمام چلایا جاتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | ایکزو نوبل پاکستان لیمیٹڈ مینجمنٹ اسٹاف پراویڈنٹ فنڈ | 262 ملین روپے |
| 2 | ایکزو نوبل پاکستان لیمیٹڈ مینجمنٹ گریجوئٹی فنڈ | 147 ملین روپے |
| 3 | ایکزو نوبل پاکستان لیمیٹڈ مینجمنٹ اسٹاف پنشن فنڈ | 185 ملین روپے |
| 4 | ایکزو نوبل پاکستان لیمیٹڈ مینجمنٹ اسٹاف طے شدہ برائے ریٹائرمنٹ فنڈ | 129 ملین روپے |
| 5 | ایکزو نوبل پاکستان لیمیٹڈ نان مینجمنٹ اسٹاف فنڈ | 34 ملین روپے |

## ڈائریکٹرز کی حاضری:

سال کے دوران چار عدد بورڈ آف ڈائریکٹرز میٹنگز، چار آڈٹ کمیٹی کی میٹنگز اور تین ایچ آر اور اُجرت و معاوضہ کمیٹی کی میٹنگز منعقد ہوئیں۔ ہر ڈائریکٹر / سی ایف او / کمپنی سیکریٹری کی حاضری کی تفصیل درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | ڈائریکٹرز کا نام | بورڈ آف ڈائریکٹرز کی حاضری | آڈٹ کمیٹی کی حاضری | ایچ آر اور ریمونریشن کمیٹی کی حاضری |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مسٹر معین افضل | 4 | 4 | 3 |
| 2 | مسٹر ضیاء الرحمٰن | 4 | 4 | - |
| 3 | مسٹر جیریمی روٴ | 4 | - | 3 |
| 4 | مسٹر بارٹ کاسٹر | 4 | 4 | - |
| 5 | مسٹر جہانزیب خان (چیف ایگزیکٹو آفیسر) | 4 | - | 3 |
| 6 | مسٹر سیبس ٹیئن ٹین | 4 | 4 | - |
| 7 | مسٹر حارث محمود (چیف فنانشل آفیسر) | 4 | 4 | - |
| 8 | مس سارہ شاہ (کمپنی سیکریٹری) | 4 | - | - |
| 9 | مسٹر ریحان حامد (سیکریٹری آڈٹ کمیٹی) | - | 4 | - |
| 10 | مسٹر عثمان علی جمیل (سیکریٹری ایچ آر اینڈ آر کمیٹی) | - | - | 3 |

جناب جہانزیب خان 20 نومبر 2017 کو بطور کمپنی چیف ایگزیکٹو اور ڈائریکٹر ریٹائر ہو گئے، جبکہ جناب سعد محمود راشد نے بورڈ کو بطور نئے کمپنی چیف ایگزیکٹو اور ڈائریکٹر جوائن کیا۔

## ڈائریکٹرز ٹریننگ:

جناب سعد محمود راشد نے ڈائریکٹرز ٹریننگ پروگرام کی سرٹیفکیشن، سال 2017 میں پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورنینس (PICG) سے حاصل کی۔ جناب معین افضل جناب ضیاء الرحمٰن اور جناب حارث محمود گزشتہ برسوں کے دوران اپنی اپنی ٹریننگ کی ضروریات مکمل کر چکے ہیں۔

## کاروباری کارکردگی:

ایکزونوبل پاکستان اس بات کا بھرپور عزم رکھتا ہے کہ نئی ایجادات اور ترقی کی بدولت مصنوعات میں تنوع پیدا کیا جائے۔ یہ کمپنی کے اس وژن کا لازمی جزو ہے کہ جہاں کمپنی اپنے معزز صارفین کے لیے بہتر معیارِ زندگی کے حصول میں کردار ادا کرنا چاہتی ہے۔ سال 2017 میں کئی اہم نئی مصنوعات پیش کی گئیں جو کہ اعلیٰ ترین اندرونی اور بیرونی پینٹ کیٹگریز سے تعلق رکھتی تھیں، جن کا نام Dulux Weathershield Powerflexx اور Dulux EasyCare ہے۔ میڈیا پر تشہیر اور تجارتی و کاروباری اقدامات کی بدولت سیلز کی بلند مقدار حاصل کرنے میں بہت سہولت رہی۔

کمپنی نے آگے بڑھتی مارکیٹس میں کام کر کے ترقی کے مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھایا، ان مارکیٹس میں ٹریکٹر اور حفاظتی کوٹنگ کے سیکٹر شامل ہیں۔ خاص کر کیمیکل پورٹ فولیو بھی مستقل ترقی کا مستحکم ذریعہ رہا، جس میں نئی مصنوعات متعارف کروانا اور نئے صارفین کو پورٹ فولیو پر لانا اہمیت کا حامل ہے۔

## مستقبل کا جائزہ:

سال 2018 کے دوران پاکستان میں سیاسی و انتخابی سرگرمیوں میں تیزی کا امکان ہے جس میں سینٹ اور قومی اسمبلی کے انتخابات متوقع ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ کاروباری بھروسے میں بہتری، پرائیویٹ سیکٹر میں بڑھتی سرمایہ کاری، بجلی اور گیس کی فراہمی میں بہتری، سی پیک سے متعلقہ منصوبوں میں تیز رفتاری، سیکورٹی کی بہتر ہوتی صورتحال جیسے عوامل کے باعث اس بات کی توقع کی جاسکتی ہے کہ ملکی معیشت بھی مستحکم رہے گی اور اشیا کی کھپت سے مضبوط ہونے والا بہتر معاشی ماڈل بھی قائم رہے گا۔ جبکہ منفی پہلو دیکھا جائے تو امکان یہ ہے کہ ادائیگیوں کے توازن میں بڑھتا ہوا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ شرح تبادلہ میں قیاس آرائیوں کو فروغ دے گا۔

کمپنی کا ہدف اپنے مارکیٹ شیئر کو بڑھانے کے لیے جارحانہ کاروباری موقف کو برقرار رکھنا ہے اور اس ضمن میں برینڈ کو بہتر سے بہتر بنانے کے لیے سرمایہ کاری میں اضافہ اور اپنی مصنوعات کی تشہیر پر زور دینے کے حوالے سے کام جاری ہے تاکہ خریداروں میں ICI Dulux کے حوالے سے آگاہی میں مزید اضافہ ہو۔ نئی اور جدید مصنوعات متعارف کرائی جائیں گی تاکہ ریٹیل مارکیٹ میں اپنی موجودگی کو مضبوطی سے برقرار رکھا جائے اور کمپنی کے مجموعی کاروباری حجم میں اس کی بدولت مثبت رجحان قائم رکھا جائے۔

مختصر اور درمیانی مدت کے منصوبوں کے مطابق Protective Coatings اور Specialty Chemicals کے شعبے میں مصنوعات اور خریدار کو تیار کرنا اور اس ضمن میں مثبت حکمت عملی اپنانا، کمپنی کے لیے بہتر نتائج فراہم کرتا رہے گا۔

## اعتراف:

سال 2017 میں ہم نے اپنے افرادی عوامل کو مضبوط تر بنانے کی جانب سفر جاری رکھا تاکہ مقابلہ کی صورتحال میں برتری کو برقرار رکھا جائے۔ اہم ترین نکات جن پر بھرپور توجہ دی گئی اُن میں لیڈرشپ کی تیاری، صلاحیت میں اضافہ اور ایمپلائیز کے معاملات و تعلقات کا انتظام شامل ہیں۔ ہمیں اس سب کی بدولت ایک ایسی ٹیم تیار کرنے میں مدد ملی جو ادارے کے اعلیٰ ترین نتائج کے حصول پر کام کرتی ہے۔ جبکہ تنوع اور نتائج کے حصول کا عزم ہمارے ایجنڈے میں قلب کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔ کمپنی کے کاروباری نتائج ہم سب کے بھرپور عزم اور محنت کے مظہر ہیں، جس میں ہمارے صارفین، سپلائرز، خدمات فراہم کرنے والے اور شیئر ہولڈرز کا ہم پر اٹوٹ بھروسہ بھی شامل ہے۔

## آڈیٹرز:

موجودہ آڈیٹرز، A.F. Ferguson & Co. Chartered Accountants کی مدت مکمل ہو رہی ہے، چنانچہ اہلیت کی بنیاد پر انہوں نے دوبارہ تقرری کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔

## کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس کی تعمیل:

جیسا کہ ہماری ملکی سٹاک مارکیٹ کے Listing Rules میں موجود کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس تقاضا کرتا ہے، اس کے عین مطابق ڈائریکٹرز نہایت مسرت سے بیان کرتے ہیں کہ:

- کمپنی کی انتظامیہ کی تیار کردہ فنانشل سٹیٹمنٹس واضح طور پر کمپنی کے عملی معاملات، نتائج، کیش فلوز اور ایکوئٹی میں تبدیلی کو ظاہر کرتی ہیں۔
- کمپنی کی باقاعدہ اکاؤنٹس بکس کو اہتمام سے برقرار رکھا جا رہا ہے۔
- مناسب اکاؤنٹنگ پالیسیز کو فنانشل سٹیٹمنٹس کی تیاری میں مستقل بنیادوں پر لاگو رکھا جاتا ہے، اور مالیاتی تخمینے محتاط تجزیوں پر مبنی ہوتے ہیں۔
- مالیاتی رپورٹنگ کے جن بین الاقوامی قوائد کا اطلاق پاکستان میں ہوتا ہے، وہ تمام فنانشل سٹیٹمنٹس کی تیاری میں استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس ضمن میں کسی قسم کی تبدیلی کو مناسب طریقے سے واضح طور پر بیان کر دیا گیا ہے۔
- انٹرنل کنٹرول کا نظام مضبوط بنیادوں پر تشکیل دیا گیا ہے، اس کا اطلاق پُراثر ہے اور اس کی بھرپور نگرانی کی جاتی ہے۔
- کمپنی کی قابلیت بطور کاروباری ادارہ مستحکم ہے اور اس مد میں کسی قسم کا کوئی شک موجود نہیں ہے۔
- لسٹنگ ریگولیشنز کے مطابق بہترین کارپوریٹ مینجمنٹ کو ممکن بنایا گیا ہے جس کی بدولت نظام سے کسی قسم کا انحراف یا خلاف ورزی وقوع پذیر نہیں ہوئی۔